شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21مارچ2023ء

پریس ریلیز

حکومت سیاسی محاذ آرائی میں شہریوں کے بنیادی حقوق اور چادر چار دیواری کا تحفظ یقینی بنائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومت سیاسی محاذ آرائی میں شہریوں کے بنیادی حقوق اور چادر چار دیواری کا تحفظ یقینی بنائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن میں سیاسی کشیدگی اب انتہائی خطرناک صورت اختیار کرتی جارہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک طرف اپوزیشن کا فرض ہے کہ وہ قانون کی بالادستی کو تسلیم کرے اور پُر تشدد کاروائیوں سے گریز کرے اور دوسری طرف ریاست کا رول ماں جیسا ہونا چاہیے۔ ریاست کے ذمہ داروں کو عوام کی جان ومال کا مکمل تحفظ کرنا چاہیے نہ کہ قانون کی آڑ میں لاٹھی گولی کے ذریعے لوگوں کے بنیادی حقوق کو روند ڈالے اور چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے لوگوں کے گھروں میں زبردستی گھس جائے اور خواتین کے ساتھ ناروا سلوک کرے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت کا حق ہے کہ ہر اُس شخص کو گرفتار کرے جو قانون شکنی کرتا پایا جائے لیکن اُسے فوری طور پر عدالت میں پیش کیا جائے البتہ لوگوں کو گھروں سے اُٹھا لینے اور عدالتوں کے احکامات کو پسِ پشت ڈال دینے سے انارکی پیدا ہوگی اور پاکستان بنانا ریپبلک بن جائے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ حالات جو رخ اختیار کر رہے ہیں شدید خدشہ ہے کہ داخلی سطح پر پاکستان کی انتہائی خراب صورتِ حال بیرونی دشمنوں کو پاکستان پر کاری ضرب لگانے کا موقع فراہم کر سکتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فریقین صورتِ حال کا صحیح ادراک کریں اور افہام و تفہیم کے ذریعے مسئلہ کا کوئی حل نکالیں تاکہ ملکی سلامتی پر منڈلانے والے خطرات ٹل جائیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان